# وضو کی دعائیں

جب وضو کاارادہ کرے تو پہلے مسواک کرے کہ اس سے منہ پاکیزہ اور خوشبودار ہو جاتا ہے، بلغم خارج ہو جاتی ہے قوت حافظہ میں اضافہ ہوتا ہے نیکیاں بڑھ جاتی ہیں اور اللہ کی خوشنودی حاصل ہوتی ہے مسواک کے ساتھ ادا کی جانے والی دو رکعتیں مسواک کے بغیر پڑھی جانے والی ستر رکعتوں سے افضل ہیں اگر مسواک نہ مل سکے تو دانتوں کو انگلی سے صاف کرنا بھی کافی ہے بہتر ہے کہ وضو کرتے وقت قبلہ رخ ہو کر بیٹھے پانی کا برتن داہنی طرف رکھے اور جب پانی پر نگاہ پڑے تو یہ دعا پڑھے :

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

**الْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی جَعَلَ الْماءَ طَھُوراً وَلَمْ یَجْعَلْہُ نَجِساً۔**

حمد ہے خدا کے لیے جس نے پانی کو پاکیزہ بنایا اور اسے ناپاک نہیں بنایا۔

پانی کے برتن کو ہاتھ لگانے سے پہلے ہاتھوں کو دھوئے اور یہ دعا پڑھے :

**بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِی مِنَ التَّوَّابِینَ وَاجْعَلْنِی مِنَ الْمُتَطَھِّرِینَ۔**

خدا کے نام سے اور اس کی ذات کے سہارے سے خدایا تو مجھے توبہ کرنے اور پاک و پاکیزہ رہنے والوں میں قرار دے۔

اب تین چلو پانی سے تین مرتبہ کلی کرے اور کہے :

**اَللّٰھُمَّ لَقِّنِی حُجَّتِی یَوْمَ أَلْقاکَ، وَأَطْلِقْ لِسانِی بِذِکْراکَ**

خدایا قیامت میں پیشی کے وقت مجھے میری حجت بتا دینا اور میری زبانکو اپنے ذکر میں رواں کر دینا۔

پھر تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالے اور کہے :

**اَللّٰھُمَّ لاَ تُحَرِّمْ عَلَیَّ رِیحَ الْجَنَّةِ وَاجْعَلْنِی مِمَّنْ یَشَمُّ رِیحَھَا وَرَوْحَھَا وَطِیبَہا۔**

خدایا مجھ پر جنت کی خوشبو حرام نہ فرما اور مجھے ان لوگوں میں رکھ، راحت اور ہوا جو جنت کی خوشبو سے بہرہ یاب ہوں گے۔

منہ دھوئے اور کہے :

**اَللّٰھُمَّ بَیِّضْ وَجْھِی یَوْمَ تَسْوَدُّ الْوُجُوهُ وَلاَ تُسَوِّدْ وَجْھِی یَوْمَ تَبْیَضُّ الْوُجُوهُ۔**

اے معبود میرے چہرے کو اس دن سفید کرنا جب چہرے سیاہ ہونگے اور میرے چہرے کو اس دن سیاہ نہ کرنا جب چہرے سفید ہونگے۔

پھر چلو میں پانی لیکر دائیں ہاتھ کو دھوئے اور اس وقت یہ کہے :

**اَللّٰھُمَّ أَعْطِنِی کِتَابِی بِیَمِینِی وَالْخُلْدَ فِی الْجِنانِ بِیَسارِی وَحاسِبْنِی حِساباً یَسِیراً۔**

خدایا میرا نامہ اعمال میرے دائیں ہاتھ میں دینا مجھے ہمشہ جنت میں رہنے کا اختیار دینا اور میرا حساب سہولت کے ساتھ لینا۔

اب بائیں ہاتھ کو دھوئے اور یہ کہے :

**اَللَّھُمَّ لاَ تُعْطِنِی کِتَابِی بِشِمَالِی وَلاَ مِنْ وَرَاءِ ظَھْرِی وَلاَ تَجْعَلْہا مَغْلُولَةً**

خدایا میرا نامہ اعمال بائیں ہاتھ میں نہ دینا اور نہ پیٹھ پیچھے سے دینا اور نہ اس کو میرے گلے میں لٹکانا اور میں جہنم کے انگاروں سے

**إِلَى عُنُقِي وَأَعُوذُ بِکَ مِنْ مُقَطَّعَاتِ النِّيرانِ۔**

تیری پناہ چاہتا ہوں۔

اسکے بعد دائیں ہاتھ کی تری سے سر کے اگلے حصے کا مسح کرے اور کہے :

**اَللّٰهُمَّ غَشِّنِي رَحْمَتَکَ وَبَرَکَاتِکَ۔**

خدایا مجھے اپنی رحمت اور برکتوں سے ڈھانپ دے

پھر دونوں پیروں کا مسح کرے اور یہ دعا پڑھے :

**اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِي عَلَى الصِّراطِ يَوْمَ**

خدایا اس دن مجھے صراط پر ثابت قدم رکھنا جب قدم پھسل رہے ہوں گے

**تَزِلُّ فِيْهِ الْاَقْدَامُ وَاجْعَلْ سَعْيِي فِيما يُرْضِيکَ عَنِّي يَا ذَاالْجَلالِ وَالْاِکرام**

- اور میری کوشش کو ان کاموں میں قرار دے جو تجھے پسند ہیں اے جلال و اکرام کے مالک

جب وضو کر چکے تو یہ کہے :

**اللّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُکَ تَمَامَ الْوُضُوءِ وَتَمَامَ الصَّلاةِ وَتَمَامَ رِضْوَانِکَ وَالْجَنَّةَ۔**

اے معبود ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میرا وضو کامل ہو نماز مکمل ہو اور مجھے تیری خوشنودی اور جنت حاصل ہو۔

اسکے بعد کہے :

**الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعالَمِينَ۔**

حمد ہے خدا کے لیے جو جہانوں کا رب ہے۔

اسکے بعد تین مرتبہ "سورہ قدر" پڑھے وضو کی بعد خوشبو لگائے اور مسجد کیطرف سکون و وقار سے چل پڑے۔ مسجد کیطرف چلتے ہوئے کہے :

**بِسْمِ اللهِ الَّذِي خَلَقَنِي فَهُوَ يَهْدِينِي وَالَّذِي هُوَ يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِي وَإِذا**

اس خدا کے نام سے جس نے مجھے پیدا کیا پس وہی ہدایت دیتا ہے وہی مجھے کھلاتا پلاتا ہے اور بیمار

**مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِي وَالَّذِي يُمِيتُنِي ثُمَّ يُحْيِينِي وَالَّذِي أَطْمَعُ أَنْ يَغْفِرَلِي خَطِيئَتِي يَوْمَ الدِّينِ**

ہو جاؤں تو مجھے شفا بخشتا ہے وہی مجھے موت دے گا پھر مجھے زندہ کرے گا اور اسی سے امید ہے کہ روز قیامت میری خطائیں معاف کرے

رَبِّ هَبْ لِی حُکْماً وَأَلْحِقْنِی بِالصَّالِحِینَ وَاجْعَلْ لِی لِسانَ صِدْقٍ فِی الْآخِرِینَ، وَاجْعَلْنِی مِنْ

گا پالنے والے مجھے حکمت عطا فرما اور نیکو کاروں میں شامل کر دے۔ بعد میں آنے والوں میں میرے حق میں سچ بولنے والی زبان قرار دے مجھے نعمتوں بھری جنت

وَرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیمِ وَاغْفِرْ لِأَبِی۔

کے وارثوں میں شامل کر اور میرے والد کو بخش دے۔

جب مسجد میں داخل ہونے لگے تو اپنے جوتوں کے تلووں کو اچھی طرح دیکھ لے کہ ان پر نجاست نہ لگی ہو پھر پہلے دایاں پاؤں اندر رکھے اور یہ دعا پڑھے:

بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ وَمِنَ اللهِ وَإِلَی اللهُ وَخَیْرُ الْاَسْماءِ کُلِّها لِلّٰهِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللهِ وَلاَ حَوْلَ

خدا کے نام سے اور خدا کے سہارے سے، خدا کی طرف سے تمام بہترین نام خدا کے لیے ہیں میں خدا پر بھروسہ کرتا ہوں نہیں کوئی حرکت و قوت

وَلاَقُوَّةَ إلاَّ بِاللهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَافْتَحْ لِی أَبْوابَ رَحْمَتِکَ وَتَوْبَتِکَ

مگر خدا ہی کیطرف سے ہے۔ اے معبود! رحمت فرما محمد وآل (ع) محمد پر میرے لیے اپنی رحمت اور توبہ کے

وَأَغْلِقْ عَنِّی أَبْوابَ مَعْصِیَتِکَ وَاجْعَلْنِی مِنْ زُوَّارِکَ وَعُمَّارِ مَساجِدِکَ،

دروازے کھول دے اور میرے لیے نافرمانی کے دروازے بند کر دے مجھے اپنے پاک گھر کے زائروں اور مسجدیں آباد کرنے

وَمِمَّنْ یُناجِیکَ فِی اللَّیْلِ وَالنَّهارِ، وَمِنَ الَّذِینَ هُمْ فِی صَلاتِهِمْ خاشِعُون وَادْحَرْ عَنِّی

والوں میں رکھ اور ان میں جو رات دن تجھ سے دعا کرتے ہیں ان میں سے جو نماز میں عاجزی و خوف کا اظہار کرتے ہیں اور

الشَّیْطانَ الرَّجِیمَ وَجُنُودَ إِبْلِیسَ أَجْمَعِینَ۔

راندے ہوئے شیطان اور اس کے تمام لشکروں کو مجھ سے دور کر دے۔